**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 22.08.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ویمن یونیورسٹی کی رینکنگ کو بہتر بنانے کے لیے جامع منصوبہ بندی ضروری ہے گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | امن وامان کی بہتری کے لیے اقدامات جاری عوام کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | تعلیمی نظام جدید خطوط پر استوار اور عوام کے قریب لایا جائے گا، بخت محمد کاکڑ۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | عوام کو بارش وسیلاب میں تنہا نہیں چھوڑ سکتا، علی حسن زہری۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | دہشت گردی ہزاروں معصوم جانیں نگل گئیں امن کو نقصان پہنچایا غلام رسول عمرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | تعلیم کے ساتھ بچوں کے حقوق کا تحفظ وقت کی اہم ضرورت ہے، راحلہ درانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | کوئٹہ سے ہفتہ وار تین عمرہ پروازے شروع کی جائیں، عبدالخالق اچکزئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جنگلات کا فروغ ناگزیر ہے، چیف جسٹس بلوچستان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | کوئٹہ میں رجسٹریشن اور نمبر پلیٹ کے بغیر کوئی موٹر سائیکل نہیں چلے گی، ایس ایس پی آپریشن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | شہر میں غیر قانونی بورنگ کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی، کمشنر کوئٹہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا دورہ قونصلیٹ متحدہ عرب امارات۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان میں 23 تا 26 اگست بارشوں کا الرٹ جاری بونیر 6 صوابی میں 12 لاشیں برآمد۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | ایف آئی اے نے کوئٹہ میں جعلی دستاویزات بنانیوالا گروہ گرفتار کرلیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم پر موبائل انٹرنیٹ سروس بحال۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | سرکاری پبلک ٹرانسپورٹ میں مزید 21 بسوں کا اضافہ انسپکشن وشپمنٹ مکمل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | فوڈ اتھارٹی کی کاروائی سرکہ بنانے والا یونٹ اور غیر قانونی واٹر پلانٹ سیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | پی ایس ڈی پی میں نیو ٹاؤن ہاؤسنگ سکیم کے متعدد منصوبے شامل کیے جائیں گے، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ہماری ریاست فلاحی نہیں بلکہ سیکیورٹی اسٹیٹ ہے، مولانا شیرانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

تربت مقامی ڈیم کے قریب سے نوجوان کی نعش برآمد، ڈیرہ بگٹی سی ٹی ڈی تھانے پر حملے میں دو دہشت گرد ہلاک اہلکار زخمی، تمبو اور ڈیرہ بگٹی میں خاتون سمیت تین افراد قتل، مسافروں کے پیسے جیب میں ڈال کر انہیں سفر کرانے کے الزام میں چار ریلوے اہلکار گرفتار۔

## عوامی مسائل:

مانجھی پور جلدی امراض میں اضافہ گرمی دانوں پھوڑے پھنسیوں خارش نے وبائی صورت اختیار کرلی۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 22.08.2025

**اداریہ:**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**مون سون کی شجر کاری مہم کا با قاعدہ آغاز!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے گذشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کمشنر آفس کوئٹہ میں پودا لگا کر شجر کاری مہم کا با قاعدہ آغاز کر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ درخت انسانی صحت کے لیے لازم وملزوم ہیں۔ یہ نہ صرف ہمارے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں بلکہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے ضروری ہے کہ معاشرے کا ہر فرد اپنے حصے کا کم از کم ایک درخت ضرور لگائے۔ درخت انسانی صحت کے تحفظ، صاف فضائی کی فراہمی اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کے ضامن ہیں۔ جنگلات اور سبزہ زار قدرت کی وہ نعمتیں ہیں جن کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی ہدایت پر شجر کاری مہم کے دوران کوئٹہ ڈویژن کے مختلف اضلاع میں ہزاروں پودے لگائے جائیں گے۔ سرکاری تعلیمی اداروں سماجی تنظیموں اور عام شہریوں کو اس قومی ذمہ داری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے تاکہ شجر کاری کو تحریک کی شکل دی جا سکے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ شجر کاری کے ساتھ ساتھ پہلے سے لگائے گئے درختوں کی دیکھ بھال بھی یقینی بنائیں تاکہ یہ درخت صحیح معنوں میں معاشرے کو فائدہ پہنچا سکیں۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Revivng livestock sector" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**وزیر اعظم ریلیف فنڈ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضمون :**

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 22 AUG 2025 Page No. 1


## وومن یونیورسٹی کی رینکنگ کو بہتر بنانے کیلئے جامع منصوبہ بندی ضروری ہے، گورنر

**وزیر تعلیم اور سینیٹ ممبران کے تعاون سے ہم نے یونیورسٹی کی ترقی کے دوسرے مرحلے کی رفتار کا تعین کیا، خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج ہم نے آٹھ گھنٹے طویل وومن یونیورسٹی کے پندرہویں سینیٹ اجلاس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ یہ سنگ میل ان تمام چیلنجوں اور درپیش مشکلات پر قابو پانے کی طرف ایک اہم قدم ہے جو پچھلے چار سالوں سے برقرار تھے۔ وزیر تعلیم اور سینیٹ ممبران کے تعاون سے ہم نے مجموعی طور پر وومن یونیورسٹی کی ترقی کے دوسرے مرحلے کی رفتار کا تعین کیا ہے۔ ہماری بنیادی توجہ وومن یونیورسٹی میں تعلیم کے معیار کو بڑھانا اور یونیورسٹی رینکنگ کو بہتر بنانا شامل ہے۔ ان اہداف کے حصول کیلئے جامع منصوبہ بندی اور مشترکہ کوششوں کی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کے پندرہویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر وومن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق، صوبائی سیکرٹری تعلیم صالح بلوچ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان کلیم اللہ بابر، یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کے بشیر کاکڑ سمیت سینیٹ کے تمام ممبران موجود تھے۔



کوئٹہ: گورنر جعفر خان مندوخیل سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے 15ویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## معیاری تعلیم کا ہدف حاصل کرنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی اشد ضرورت ہے، جعفر مندوخیل

ہماری بنیادی توجہ وویمن یونیورسٹی میں تعلیم کے معیار کو بڑھانا اور یونیورسٹی رینکنگ کو بہتر بنانا شامل ہے، گورنر بلوچستان

**سینیٹ اجلاس وویمن یونیورسٹی کے چیلنجز اور درپیش مشکلات پر قابو پانے کی طرف ایک اہم قدم ہے، اجلاس میں اظہار خیال**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج ہم نے آٹھ گھنٹے کے طویل وویمن یونیورسٹی پندرہواں سینیٹ اجلاس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ یہ سنگ میل ان تمام چیلنجوں اور درپیش مشکلات پر قابو پانے کی طرف ایک اہم قدم ہے جو پچھلے چار سالوں سے برقرار تھے۔ وزیر تعلیم اور سینیٹ ممبران کے تعاون سے ہم نے مجموعی طور پر وویمن یونیورسٹی کی ترقی کے دوسرے مرحلے کی رفتار کا تعین کیا ہے۔ ہمارے بنیادی توجہ وویمن یونیورسٹی میں تعلیم کے معیار کو بڑھانا اور یونیورسٹی رینکنگ کو بہتر بنانا شامل ہے۔ ان اہداف کے حصول کیلئے......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

جامع منصوبہ بندی اور مشترکہ کوششوں کی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے پندرہویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر وویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق، صوبائی سیکرٹری تعلیم صالح بلوچ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان کلیم اللہ بابر، یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کے بشیر کاکڑ سمیت سینیٹ کے تمام ممبران موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج کے ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں اس نئے مرحلے کا ایک اہم ہدف طالبات کی تعداد سولہ ہزار تک بڑھانا ہے۔ اس اقدام کا مقصد خواتین کی تعلیم اور با اختیار بنانے کے لیے زیادہ مواقع فراہم کرنا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ تعلیم یافتہ خواتین معاشرے کے روشن مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہمیں میرٹ پر مبنی اصولوں کو برقرار رکھتے ہوئے یونیورسٹی کی ساکھ کو برقرار رکھنا ہوگا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور ان کی ٹیم کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ تقرریاں اور ترقیاں کسی بیرونی اثر و رسوخ کے بغیر، صرف قواعد و قوانین پر مبنی ہوں۔ وویمن یونیورسٹی کے سینیٹ کے 15ویں اجلاس کے شرکا کی تجاویز اور سفارشات نتیجہ میں کئی اہم فیصلے کیے گئے۔



گورنر جعفر خان مندوخیل کا (ایس بی کے) یونیورسٹی کے 15ویں سینٹ اجلاس کے ممبرز کیساتھ گروپ فوٹو

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 جمعہ 27 صفر المظفر 1447ھ 22 اگست 2025ء نمبر 229

امن امان کی بہتری کیلئے اقدامات جاری

وزیراعلیٰ بگٹی

# عوام کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائیگا

ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کرنے کیلئے نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، جمال رئیسانی سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی، ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بہتری کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کر سکیں نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایم این اے میر جمال خان رئیسانی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعہ 27 صفر 1447ھ 22 اگست 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 47

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے


# بلوچستان میں امن وامان کی بہتری کیلئے موثر اقدامات جاری ہیں، سرفراز بگٹی

## صوبے کے نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، نوجوان بہتر مواقع سے ملکی تعمیر میں کردار ادا کرینگے، بات چیت

## بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں، رکن قومی اسمبلی جمال خان رئیسانی کی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے .........

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بہتری کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کرسکیں نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 248 | جمعتہ المبارک، 27 صفر المظفر، 22 اگست 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# صوبے میں امن وامان، نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ

## عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائیگا، جمال رئیسانی سے ملاقات میں عوامی فلاحی منصوبوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بہتری کے لیے موثر (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

اقدامات جاری ہیں اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کر سکیں نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں۔



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

ullet No. 1 Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر بی سی I-4
قیمت 30 روپے ★ صفحات
www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 22 اگست 2025ء بمطابق 27 صفر المظفر 1447ھ | شمارہ نمبر 229

# عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائیں گے، میر سرفراز بگٹی

صوبے میں امن وامان کی بہتری کیلئے موثر اقدامات جاری ہیں، نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیر اعلیٰ

صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہیں بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں، جمال رئیسانی

اسلام آباد / کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی بہتری کے لیے موثر اقدامات جاری

بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

ہیں اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک و قوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کرسکیں نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں۔



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 | Page No. 6

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | جمعہ 22 اگست 2025ء بمطابق 27 صفر المظفر 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-227

جمال رئیسانی کی وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات

# بلوچستان میں قیام امن کیلئے مؤثر اقدامات کر رہے ہیں

سرفراز بگٹی

## وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کی ملاقات، صوبے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کرسکیں، وزیراعلیٰ

## پاکستان کے دشمن پسپا ہورہے ہیں اور یہ صرف آغاز ہے، اسلام آباد میں وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات میں اتفاق ہوا کہ قومی بیانیہ اب پہلے سے زیادہ قوت اور وضاحت کے ساتھ ابھرے گا، جمال رئیسانی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر)

رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کرسکیں نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں۔

اسلام آباد (م ڈ) پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی جمال خان رئیسانی (بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 2 پر)

سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کے دشمن پسپا ہورہے ہیں، اور یہ صرف آغاز ہے۔ اسلام آباد میں وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات میں اتفاق ہوا کہ قومی بیانیہ اب پہلے سے زیادہ قوت اور وضاحت کے ساتھ ابھرے گا۔ فتنہ الہندوستان اور اس کے سہولت کار انجام کو ضرور پہنچیں گے۔ شہداء ؒ کے خون کا قرض مقدس امانت ہے اور یہ حساب پورا ہوکر رہے گا



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان
جلد 29 | جمعہ 22 اگست 2025ء بمطابق 27 صفر المظفر 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 228



# عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا وزیر اعلی

صوبے میں امن وامان کی بہتری کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

## بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں، میر سرفراز بگٹی سے ایم این اے میر جمال خان رئیسانی کی ملاقات

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بہتری کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کر سکیں نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں۔

CamScanner

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | | قیمت 10روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 184 |
| | جمعہ 22 اگست 2025ء | 27 صفر | 1447ھ | | رجسٹرڈ ایل ی بی-10 | |


# عوام کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائیں گے، سرفراز بگٹی

## صوبے میں امن وامان کی بہتری کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں، وزیراعلیٰ کی جمال رئیسانی سے گفتگو

### وزیراعلیٰ سے نوابزادہ جمال رئیسانی کی ملاقات، امن وامان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور فلاحی منصوبوں سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بہتری کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کر سکیں نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں۔



اسلام آباد، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ایم این اے نوابزادہ جمال رئیسانی ملاقات کر رہے ہیں۔

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعہ 22 اگست 2025ء، 27 صفر المظفر 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 228


# وزیر اعلیٰ بلوچستان: عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا

## صوبے میں امن وامان کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں

## نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کر سکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 22 AUG 2025 Page No. 10


## عوام کو بارش وسیلاب میں تنہا نہیں چھوڑ سکتا، علی حسن زہری

**صوبائی وزیر کا مختلف علاقوں کا دورہ، عوامی مسائل کے حل کیلئے احکامات جاری کئے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو بلوچستان میر علی حسن زہری نے بارش شروع ہوتے ہی حب شہر کے مختلف علاقوں، امیر آباد، ساکران روڈ، بالاچ محلہ، شہر وسط سے گزرنے والے نالے، مین روڈ، محمود آباد روڈ، لاسی، رند مارکیٹ سمیت مختلف گلیوں اور محلوں میں پیدل دورہ کر کے صورتحال کا خود جائزہ لیا۔ میر علی حسن زہری نے بارش کے دوران عوامی مسائل کا مشاہدہ کیا اور نکاسی آب کے عمل کی براہ راست نگرانی کی۔ دکانداروں اور علاقہ مکینوں سے بھی ملے وزیر زراعت نے موقع پر موجود عملے کو فوری طور پر کام تیز کرنے، مشینری کو ہر ممکن استعمال میں لانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ہدایات دیں۔ اس موقع پر وزیر زراعت میر علی حسن زہری کا کہنا تھا کہ میں اپنی عوام کو بارش میں تنہا نہیں چھوڑ سکتا۔ عوام کے مسائل حل کرنا اور انہیں ریلیف دینا میری سب سے بڑی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی ادارے اور بلدیاتی عملہ بارش کے دوران الرٹ رہیں، کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر کے اس اقدام کو زبردست انداز میں سراہا ہے۔

## دہشت گردی ہزاروں معصوم جانیں نگل گئی، امن کو نقصان پہنچایا، غلام رسول عمرانی

**آج کے دن ہم ان شہداء اور متاثرین کو یاد کرتے ہیں جنہوں نے اپنے خون سے امن کی شمع روشن کی**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ دہشتگردی نے ہزاروں معصوم جانوں کو نگل کر ملک کے امن کو نقصان پہنچایا، لیکن ہماری قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ان خیالات کا اظہار سردار بابا غلام رسول عمرانی نے متاثرینِ دہشتگردی کی یاد اور خراجِ عقیدت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں ان معصوم جانوں کی یاد دلاتا ہے جو دہشتگردی کے ظلم کا نشانہ بنے۔ دہشتگردی نے نہ صرف ہمارے ملک کے امن کو زک پہنچائی بلکہ ہزاروں خاندانوں کو دکھ اور کرب سے دوچار کیا۔ آج کے دن ہم ان شہداء اور متاثرین کو یاد کرتے ہیں جنہوں نے اپنے خون سے امن کی شمع روشن کی۔ سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ دہشتگردی کے خلاف ڈٹ کر قربانیاں دیں اور ہمارے بہادر شہریوں اور سیکیورٹی اداروں نے امن کے قیام کے لیے اپنی جانیں نچھاور کیں۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم متاثرین کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہوں اور ان کے زخموں پر مرہم رکھیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم سب کو مل کر دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے متحد ہونا ہوگا تاکہ آنے والی نسلوں کو ایک پر امن، خوشحال اور محفوظ پاکستان مل سکے۔

MASHRIQ QUETTA

## تشخیصی نظام جدید خطوط پر استوار اور عوام کے قریب لایا جائے گا، بخت کاکڑ

**صوبائی وزیر صحت کو ڈین پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ نے ہیومن ریسورس مینجمنٹ سسٹم پر تفصیلی بریفنگ دی**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے نظام کو جدید تقاضوں کے مطابق بہتر اور موثر بنایا جا رہا ہے تشخیصی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے عوام کے قریب لایا جائے گا تاکہ بیماریوں کی بروقت تشخیص ممکن ہو سکے اور قیمتی جانیں بچائی جا سکیں، پوسٹ گریجویٹس ٹرینیز اور ہاؤس آفیسرز کی حاضری ........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کو جدید ڈیجیٹل نظام کے تحت ریکارڈ کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف امور سے متعلق منعقد میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کو ڈین پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ نے ہیومن ریسورس مینجمنٹ سسٹم کی ڈیجیٹلائزیشن پر تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمان پانیزئی بھی موجود تھے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پوسٹ گریجویٹس ٹرینیز اور ہاؤس آفیسرز کی حاضری کو جدید ڈیجیٹل نظام کے تحت ریکارڈ کیا جائے گا اور اس حاضری کو تنخواہوں کے اجراء سے مشروط کیا جائے گا۔ ڈین نے اس حوالے سے مکمل میکانزم اور اس کے نفاذ کے عملی اقدامات پر روشنی ڈالی، جس سے شفافیت، نظم و ضبط اور کارکردگی میں مزید بہتری لانے میں مدد ملے گی۔

## تعلیم کیساتھ بچوں کے حقوق کا تحفظ وقت کی اہم ضرورت ہے، راحیلہ درانی

**مصنوعی ذہانت کو سکول کی سطح پر لا رہے ہیں تاکہ بچوں کو بیس بنانے میں مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے**

**بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، مسائل پر توجہ دینا ہوگی، صوبائی وزیر تعلیم کا تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ تعلیم کے ساتھ بچوں کے حقوق کا تحفظ بھی وقت کی ضرورت ہے، بچوں کے حوالے سے ایجوکیشن نظام کو بھی بہتر بنانے کی ضرورت ہے، مصنوعی ذہانت کو سکول کی سطح پر لا رہے ہیں تاکہ ہمارے بچوں کو اپنا بیس بنانے میں کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل کمیشن آن دی رائٹس آف چائلڈ کے زیر اہتمام یونیسیف کے تعاون سے پاکستان میں بچوں کی حالت اور یہاں اقلیتی مذاہب سے تعلق رکھنے والے بچوں سے متعلق رپورٹ لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں نیشنل کمیشن آن ہیومن رائٹس کی ممبر فرخندہ اورنگزیب، یار جان بادینی، ممبر نیشنل کمیشن آن چائلڈ رائٹس عبدالحئی بلوچ ایڈووکیٹ و دیگر بھی موجود تھے۔ شرکا سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ میں یقین دلاتی ہوں بچے ہم سب کے سانجھے ہیں یہی بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں جن کے مسائل پر توجہ کی ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ بچوں کے حوالے سے ایجوکیشن نظام کو بھی بہتر بنانے کی ضرورت ہے، مصنوعی ذہانت کو سکول کی سطح پر لا رہے ہیں تاکہ ہمارے بچوں کو اپنا بیس بنانے میں کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے، بچوں کے حوالے سے محکمہ تعلیم سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہا ہے اس حوالے سے اسٹیک ہولڈرز کی سفارشات پر خصوصی توجہ دی جائے گی

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 22 AUG 2025 Page No. 11


## ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے جنگلات کا فروغ ناگزیر ہے، چیف جسٹس بلوچستان

### شہر میں لگائے گئے درختوں کی دیکھ بھال اور آبیاری پر بھی توجہ مرکوز کی جائے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جنگلات کا فروغ اور تحفظ ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوہ مہردار میں پودا لگا کر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے زیر اہتمام مون سون شجرکاری مہم برائے سال 2025 کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر عدالت عالیہ بلوچستان کے جسٹس اقبال احمد کاسی، جسٹس محمد عامر نواز رانا، رجسٹرار عدالت عالیہ بلوچستان عبدالقیوم لہڑی، سیکرٹری محکمہ جنگلات و جنگلی حیات عبدالفتح بھنگر، ڈائریکٹر جنرل محکمہ جنگلات و جنگلی حیات نیاز کاکڑ و دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان روزی خان بڑیچ نے کہا کہ اپنی آنے والی نسلوں کو ایک صاف ستھرا ماحول دینے کے لیے سب کو شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے محکمہ جنگلات اور جنگلی حیات کے اعلیٰ احکام پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شہر کے دیگر علاقوں میں لگائے گئے درختوں کی دیکھ بھال اور ان کی آبیاری پر بھی توجہ مرکوز کریں۔ سیکرٹری محکمہ جنگلات و جنگلی حیات عبدالفتح بھنگر نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن کے تحت محکمہ جنگلات و جنگلی حیات صوبے میں جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ اور فروغ کے لیے ایک مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات اٹھا رہی ہے، اس سلسلے میں مون سون شجرکاری مہم اساسی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب مل کر مشترکہ کوششوں سے کلین اور گرین بلوچستان کے خواب کو حقیقت میں بدل سکتے ہیں۔

## کوئٹہ میں رجسٹریشن اور نمبر پلیٹ کے بغیر کوئی موٹر سائیکل نہیں چلے گی، ایس ایس پی آپریشن

### 90 فیصد جرائم موٹر سائیکلوں پر ہوتے ہیں جس کے پیش نظر موٹر سائیکلوں کیخلاف کارروائی کی جاری ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن محمد بلوچ نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں رجسٹریشن اور نمبر پلیٹ کے بغیر کوئی موٹر سائیکل نہیں چلے گی شہری 15 روز میں موٹر سائیکلوں کو اپنے یا فیملی فرد کے نام کرالیں شہر میں 90 فیصد جرائم موٹر سائیکلوں پر ہوتے ہیں جس کے پیش نظر موٹر سائیکلوں کیخلاف کارروائی کی جارہی ہے رواں ماہ کے دوران 6 ہزار سے زائد موٹر سائیکلوں تحویل میں لے کر 78 لاکھ روپے جرمانہ وصول کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں ڈی آئی جی آفس میں ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ ڈاکٹر سمیع ملک، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ محمد انور کاکڑ، ای ٹی او ایکسائز محسن شاہ کاکڑ کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دوران چیکنگ پکڑی جانے والی موٹر سائیکل کا مالک اگر کاغذات اور دیگر دستاویزات 4 گھنٹے میں پولیس کو پیش کردے تو اس کے خلاف قانونی کارروائی نہیں ہوگی چار گھنٹے کے بعد پکڑی جانے والی موٹر سائیکلوں کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی۔ عوام کی سہولت کے لیے محکمہ ایکسائز اور دیگر کے ہمراہ شہر ایک مشترکہ جوائنٹ سہولت مراکز قائم کیے گئے ہیں تاکہ لوگ اپنی ان رجسٹرڈ اور دوچہ پر چلنے والی موٹر سائیکلوں کی فوری طور پر رجسٹریشن اور موٹر سائیکل کو اپنے والد، بھائی یا اپنے نام پر رجسٹرڈ کروائے اس کے لیے 2 سینٹرز قائم کیے گئے ہیں ایک سٹی سرکل جو تھانہ سول لائن میں اور دوسرا سریاب سرکل میں جو ایس پی سریاب کے دفتر میں قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس نے 550 میں 1901 اور 188 میں 1986 جبکہ ٹریفک پولیس کے عملے نے 2481 موٹر سائیکلیں ڈبل سواری اور چیکنگ کے دوران کاغذات پیش نہ کرنے اور بغیر نمبر پلیٹ والی بند کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بغیر نمبر پلیٹ اور ان رجسٹرڈ موٹر سائیکل اور گاڑی چلانا قانوناً جرم ہے مہذب معاشرے میں ایسا نہیں ہوتا شہریوں کو اس کا ادراک ہونا چاہیے۔ غیر رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائیوں سے جرائم کی شرح میں بڑی حد تک کمی واقع ہوئی ہے شہری پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور جن شہریوں کی موٹر سائیکلیں بند ہوئی ہیں انہیں تھانوں میں باآسانی رسائی دی جارہی ہے۔ یکم اگست سے شروع ہونے والی اس کارروائی میں اب تک 6368 موٹر سائیکلوں کو بند کیا گیا اور اس عمل سے چالان اور جرمانوں کی مد میں 78 لاکھ روپے وصول کیا گیا ہے۔

## کوئٹہ سے ہفتہ وار تین عمرہ پروازیں شروع کی جائیں، عبدالخالق اچکزئی

### پی آئی اے کے ڈسٹرکٹ منیجر کی ملاقات، اسپیکر نے عوامی شکایات سے آگاہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کے ڈسٹرکٹ منیجر محمد صادق نے ملاقات کی۔ اسپیکر نے عوامی شکایات پر کوئٹہ سے دیگر شہروں کے لیے پروازوں کی کمی اور بعض اوقات پروازوں کی عدم دستیابی عوام کے لیے مشکلات پر شدید تنقید کی اور روزانہ کی بنیاد پر لاہور، کراچی اور اسلام آباد کی پروازیں شروع کرنے پر اصرار کیا تاکہ عوامی سفری مسائل میں کمی آئے۔ ڈسٹرکٹ منیجر نے اسپیکر کو یقین دلایا کہ یہ تمام شکایات حکام تک پہنچا دی گئی ہیں اور ان کے سدباب کے لیے فوری اور ترجیحی اقدامات کیے جائیں گے۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ کوئٹہ سے جدہ کے لیے عمرہ پروازوں کا آغاز ہونا ناگزیر ہے، کم از کم پہلے کی طرح تین ہفتہ وار پروازیں لازمی شروع کی جانی چاہیے تاکہ تمام بلوچستان کے عوام کو عمرہ کی سعادت میسر آئے۔

## شہر میں غیر قانونی بورنگ کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی، کمشنر کوئٹہ

### زیر زمین پانی خطرناک حد تک گر چکا، جبکہ غیر ضروری استعمال سے مسائل مزید سنگین ہوتے جارہے ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ میں پانی کی قلت خطرناک صورتحال اختیار کرچکی ہے جس کے تدارک کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات ناگزیر ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پانی کے حوالے سے ایک جامع پالیسی مرتب کی جائے تاکہ عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی ہوسکے یہ باتیں انہوں نے کوئٹہ میں پانی کی قلت اور اس کے تدارک کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہیں اجلاس میں چیف انجینئر واسا، ایریگیشن اور پی آر سی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہر میں پانی کی سنگین صورتحال، عوامی مشکلات اور ان کے حل کے لیے فوری اور طویل المدتی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ میں زیر زمین پانی خطرناک حد تک گر چکا ہے جبکہ غیر ضروری استعمال کی وجہ سے مسائل مزید سنگین ہوتے جارہے ہیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ غیر قانونی اور ایک سے زائد پانی کنکشن فوری طور پر منقطع کیے جائیں، کار واشنگ سینٹرز، مال مویشی فارم، چمڑا و ماربل فیکٹریز کو ٹریٹڈ پانی کے استعمال کا پابند بنایا جائے اور پرائیویٹ واٹر سپلائی کے کاروبار کو بھی قانون کے دائرے میں لاکر مکمل مانیٹرنگ کی جائے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پانی کے غیر ضروری استعمال کو روکنے کے لئے اقدامات کیے جائیں اس ضمن میں شہریوں میں شعور و آگاہی پیدا کی جائے تاکہ وہ پانی کی قدر کریں اور ضائع کرنے کے بجائے اسے ذمہ داری کے ساتھ استعمال کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر میں غیر قانونی بورنگ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی جبکہ واسا کو ہدایت دی گئی ہے کہ اگر کسی علاقے میں پانی کی پائپ لائنیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں تو انکی مرمت کو فی الفور یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 22 AUG 2025 Page No. 12

# بلوچستان میں 23 تا 26 اگست بارشوں کا الرٹ جاری

## بونیر 6 صوابی میں 12 لاشیں برآمد

بارکھان، موسیٰ خیل، لورالائی، سبی، ژوب، قلات اور خضدار میں بادل برسیں گے، محکموں کو الرٹ رہنے کی ہدایت

بونیر میں مزید نعشیں ملنے سے ہلاکتوں کی تعداد 291 ہوگئی، لینڈ سلائیڈنگ کے باعث رابطہ سڑکیں ٹریفک کیلئے بند

کوئٹہ، بونیر (این این آئی) بلوچستان میں 23 سے 26 اگست تک بارشوں کا امکان ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان میں بارشوں کا نیا سلسلہ 22 اگست کی رات کو داخل ہونے کا امکان ہے جس کے تحت بارکھان، موسیٰ خیل، لورالائی، سبی، ژوب......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

، قلات اور خضدار میں 23 اگست کی شب سے 26 اگست تک گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔ بونیر میں مزید 6 بچوں کی لاشیں ملبے سے نکال لی گئیں جس کے بعد بونیر میں سیلاب کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد 291 ہوگئی۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق گزشتہ روز بونیر میں سیلاب سے مزید 8 بچے زخمی ہوئے، جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، اس کے علاوہ ایبٹ آباد اور ہری پور میں بارش کے باعث 4 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا۔

# ایف آئی اے نے کوئٹہ میں جعلی دستاویزات بنانیوالا گروہ گرفتار کرلیا

جعلی شناختی کارڈ بنانے میں ملوث ملزم بشیر احمد کو نادرا آفس دوسرے ملزم کو پاسپورٹ آفس کے باہر سے گرفتار کیا گیا

ملزمان جعلی شناختی کارڈ اور، ڈیتھ سرٹیفکیٹ، ب فارم بنوانے میں ملوث تھے، ایف آئی اے نے تفتیش کا آغاز کردیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) بلوچستان زون کے عملے نے جعلی دستاویزات کے ذریعے شناختی کارڈ اور، ڈیتھ سرٹیفکیٹ، ب فارم بنوانے میں ملوث مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے ملزم کو گرفتار کر کے ان کے قبضے ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

سے جعلی دستاویزات برآمد کر کے کارروائی شروع کردی ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق ایف آئی اے بلوچستان زون کے عملے نے ملک بھر میں جعلی طریقے سے شناختی کارڈ اور شناختی دستاویزات بنانے والوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران جعلی دستاویزات کی بنیاد پر شہریوں کے شناختی کارڈ بنوانے میں ملوث ملزم بشیر احمد کو نادرا آفس ڈبل روڈ اور دوسرے ملزم کو پاسپورٹ آفس سے نکلتے ہوئے گرفتار کیا گیا

# بلوچستان میں نکاح سے قبل ایچ بی الیکٹروفوریسس ٹیسٹ لازمی قرار

محفوظ خون کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، مثبت نتائج مرتب ہونگے، سیکرٹری صحت

صوبے میں تھیلیسیمیا کی روک تھام کیلئے ایسے اقدامات ناگزیر، چیئرمین اتھارٹی کی گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) محکمہ صحت بلوچستان نے فیصلہ کیا ہے کہ صوبے میں تھیلیسیمیا کی روک تھام کے لیے نکاح سے قبل ایچ بی الیکٹروفوریسس ٹیسٹ لازمی قرار دیا جائے گا۔ اس بات کا فیصلہ صوبائی سیکرٹری صحت و چیئرمین بلوچستان بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی مجیب الرحمن کی زیر صدارت کوئٹہ میں بی بی ٹی اے کا اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں بورڈ ممبران اور......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ماہرین امراض خون و پیتھالوجی نے شرکت کی۔ اجلاس میں محفوظ خون کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ صوبے میں تھیلیسیمیا کی روک تھام کے لیے نکاح سے قبل ایچ بی الیکٹروفوریسس ٹیسٹ لازمی قرار دیا جائے گا جس کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

# بلوچستان ہائیکورٹ کے حکم پر موبائل انٹرنیٹ سروس بحال

چیف جسٹس بلوچستان نے آئینی پٹیشن پر فیصلہ دیتے ہوئے بحالی کا حکم دیا تھا

15 روز سے انٹرنیٹ سروس کی بندش سے طلباء اور تاجروں کو شدید مشکلات تھیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے اکثر اضلاع گزشتہ 15 دن سے بند انٹرنیٹ کی سروس بلوچستان ہائیکورٹ کے حکم پر بحال ہونا شروع ہوگئی یہ سروس ہائیکورٹ کے حکم کے بعد بحال ہوئی ہے کیونکہ شہریوں کی جانب سے عدالت عالیہ سے رجوع کیا گیا تھا۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پندرہ روز سے بند انٹرنیٹ سروس بحال ہوگئی......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

انٹرنیٹ کی بندش کے خلاف کوئٹہ کے ایک شہری خیر محمد نے آئینی درخواست دائر کی تھی بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس سردار احمد حلیمی نے سماعت کی اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل اور دیگر متعلقہ حکام عدالت میں پیش ہوئے عدالت نے حکم دیا کوئٹہ میں موبائل فون انٹرنیٹ ڈیٹا سروس 2 گھنٹے میں بحال کی جائے جس کے بعد کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں نیٹ اور ڈیٹا سروس بحال کی گئی قبل ازیں سیکورٹی وجوہات کی بنا پر نیٹ سروس 31 اگست تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا تھا جس کی وجہ سے طلباء کو تعلیم کے حصول اور تاجر برادری، کاروباری حضرات، میڈیا سمیت آن لائن بزنس کرنے والوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔

# بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا دورہ قونصلیٹ متحدہ عرب امارات

قونصل جنرل الرمیثی کی قیادت میں تجارتی وفد جلد بلوچستان کا دورہ کرے گا، وائس چیئرمین بلال کاکڑ

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ، سیکرٹری توانائی بلوچستان داؤد بازئی اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس کے چیئرمین ایڈوائزری بورڈ میاں زاہد حسین پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد نے کراچی میں متحدہ عرب امارات کے قونصلیٹ کا دورہ کیا وفد کا پرتپاک استقبال متحدہ عرب امارات کے قونصل......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل بخیت عتیق علی عالیان الرمیثی نے کیا اس موقع پر بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع، دوطرفہ تجارتی تعلقات اور مستقبل کے تعاون پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ متحدہ عرب امارات کا ایک تجارتی وفد، قونصل جنرل الرمیثی کی قیادت میں جلد بلوچستان کا دورہ کرے گا تاکہ سرمایہ کاری کے منصوبوں کا براہ راست جائزہ لیا جا سکے اور مقامی اسٹیک ہولڈرز سے ملاقاتیں کی جا سکیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان خطے کا دروازہ اور وسائل سے مالا مال سرزمین ہے۔ معدنیات، ماہی گیری، زراعت اور توانائی کے شعبوں میں بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ دنیا بلوچستان کو قریب سے دیکھے اور یہاں کے امکانات سے فائدہ اٹھائے۔ متحدہ عرب امارات ہمارے برادر ملک کے طور پر ایک بہترین شراکت دار ثابت ہو سکتا ہے۔ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور تحفظ فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان مستقبل میں نہ صرف پاکستان کا بلکہ پورے خطے کا ایک اہم تجارتی اور معاشی مرکز بننے جا رہا ہے۔ اسی موقع پر قونصل جنرل متحدہ عرب امارات بخیت عتیق علی عالیان الرمیثی نے کہا کہ متحدہ عرب امارات اور پاکستان کے تعلقات ہمیشہ برادرانہ اور گہرے رہے ہیں۔ بلوچستان کی جغرافیائی اہمیت، وسائل اور جاری ترقیاتی منصوبے سرمایہ کاری کے لیے بڑی کشش رکھتے ہیں۔ ہمارا جلد ہونے والا بلوچستان کا دورہ باہمی تعاون کو ایک نئی جہت دے گا۔ ملاقات میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور بلوچستان مستقبل میں ایک بڑے علاقائی سرمایہ کاری و تجارتی مرکز کے طور پر سامنے آئے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 22 AUG 2025 Page No. 13


# سرکاری پبلک ٹرانسپورٹ میں مزید 21 بسوں کا اضافہ، انسپیکشن و شپمنٹ مکمل

## 17 کوئٹہ اور 4 تربت کیلئے مختص، 5 پنک بسیں خواتین کیلئے مخصوص، کوئٹہ کے مختلف روٹس پر چلائی جائینگی

### منصوبے کا مقصد حکومت کی جانب سے عوام کو محفوظ اور باوقار سفر کی سہولت فراہم کرنا ہے، سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے عوام کو معیاری اور باوقار سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایک اور بڑا اقدام کیا ہے۔ اس سلسلے میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ نے بتایا ہے کہ گرین بس پروجیکٹ کی کامیابی کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید جدید بسیں خرید لی گئی ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر مجموعی طور پر 21 نئی بسیں لائی جا رہی ہیں، جن میں سے 17 کوئٹہ اور 4 تربت کے لیے مختص ہیں۔ کوئٹہ میں عوام کی سہولت کے پیش نظر ان بسوں میں سے 5 پنک بسیں خواتین کے لیے مخصوص ہوں گی جو مقررہ اوقات میں صرف خواتین کے لیے چلائی جائیں گی، جبکہ باقی 12 گرین بسیں بھی شہر کی مختلف روٹس پر دوڑتی نظر آئیں گی۔ تمام بسوں کی انسپیکشن اور شپمنٹ مکمل ہو چکی ہے اور بہت جلد یہ بسیں کوئٹہ اور تربت کی سڑکوں پر چلنا شروع ہونگی۔ اس منصوبے سے نہ صرف شہریوں کو آرام دہ، محفوظ اور باوقار سفر کی سہولت ملے گی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ کے مطابق اس وقت روزانہ آٹھ سے نو ہزار مسافر بسوں میں سفر کرتے ہیں، لیکن ان نئی بسوں کے شامل ہونے سے یہ تعداد بڑھ کر روزانہ 40 سے 50 ہزار تک پہنچ جائے گی۔ حکومت بلوچستان کا مقصد ہے کہ عوام کو جدید اور معیاری ٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا کی جائے تاکہ لوگ سکون اور عزت کے ساتھ سفر کر سکیں۔

# فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، سرکہ بنانے والا یونٹ اور غیر قانونی واٹر پلانٹ سیل

## کارروائیاں ایئرپورٹ روڈ اور سرکی روڈ پر عمل میں لائی گئیں، صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات

### بلوچستان میں جعلی، ناقص اور مضر صحت خوراک برداشت نہیں کی جائیگی، ڈی جی وقار خورشید عالم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے عوامی صحت کے تحفظ اور معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیوں کا سلسلہ بلاتعطل جاری ہے۔ اس سلسلے میں بی ایف اے کی انسپیکشن ٹیموں نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے ایئرپورٹ روڈ پر غیر قانونی سرکہ بنانے والا یونٹ اور سرکی روڈ پر غیر قانونی واٹر پلانٹ سیل کر دیا۔ ڈائریکٹر آپریشنز بی ایف اے محمد ریاض ناصر کے مطابق انسپیکشن کے دوران ایئرپورٹ روڈ پر قائم سرکہ مینوفیکچرنگ یونٹ میں غیر رجسٹرڈ سرکہ کی تیاری اور سپلائی کا انکشاف ہوا جبکہ یونٹ میں مجموعی صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات، غیر صحت بخش ماحول اور ورکرز کی ذاتی حفظانِ صحت کی سنگین خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ اسی طرح سرکی روڈ پر غیر قانونی واٹر پلانٹ میں غلط لیبلز، غیر رجسٹرڈ برانڈز کے اسٹیکرز اور جعلی پیکنگ میٹیریل برآمد ہوا۔ مزید برآں پانی کے بڑے ٹینکس میں فنگس اور گندگی پائی گئی جبکہ ویسٹ مینجمنٹ اور ڈرینج کا کوئی نظام موجود نہیں تھا۔ بوتلوں کو اوپن فلنگ کے ذریعے غیر محفوظ طریقے سے بھرا جا رہا تھا جبکہ لیبارٹری رپورٹس سمیت قانونی دستاویزات بھی فراہم نہیں کی گئیں۔ ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے وقار خورشید عالم کا کارروائیوں سے متعلق کہنا ہے کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی عوامی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی بلوچستان میں کسی بھی صورت جعلی، ناقص اور مضر صحت خوراک کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور غیر معیاری و غیر قانونی خوراک تیار کرنے والے سخت قانونی گرفت میں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محفوظ خوراک عوام کا بنیادی حق ہے اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بی ایف اے کی خصوصی ہدایت کے مطابق دن رات اس حق کے تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 22 AUG 2025 Page No. 14

## پی ایس ڈی پی میں نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم کے متعدد منصوبے شامل کیے جائینگے، ہدایت الرحمن

**نیو ٹاؤن کے الاٹیز پر اس وقت حکومت کے تقریباً 80 کروڑ روپے واجب الادا ہیں، اجلاس**

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی زیر صدارت نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور نے رکن صوبائی اسمبلی کو اسکیم کے عوامی مسائل اور موجودہ صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم 1985 میں حکومت بلوچستان کے تحت محکمہ لوکل گورنمنٹ نے شروع کی تھی، جسے بعد میں مزید موثر اور مستحکم بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ نے اپنی نگرانی میں لے لیا۔ اسکیم میں رہائشی مکانات کے ساتھ ساتھ شہریوں کی سہولت کے لیے بنیادی ڈھانچہ بھی فراہم کیا گیا ہے، جن میں مساجد، پارکس، اسٹیڈیم، کمیونٹی سینٹر، ہاسٹل، اسکول، سرکاری دفاتر، واٹر ٹینک، میونسپل ہال، عیدگاہ، صاف پانی کی فراہمی کے لیے ڈیسالینیشن پلانٹ اور دیگر سہولیات کے لیے مختص زمینیں شامل ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نیو ٹاؤن کے الاٹیز پر اس وقت حکومت کے تقریباً 80 کروڑ روپے کے واجب الادا ہیں۔ حکام نے اس بات پر زور دیا کہ یہ ایک سرکاری اسکیم ہے، نجی نہیں، لہٰذا تمام لائن ڈپارٹمنٹس کو چاہیے کہ شہریوں کے بنیادی حقوق کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں۔ مزید یہ بھی بتایا گیا کہ اسکیم کا مکمل ریکارڈ 100 فیصد محفوظ ہے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی روشنی ڈالی گئی کہ نیو ٹاؤن اسکیم کے ذریعے انڈومنٹ فنڈ سے گوادر کے مختلف تعلیمی اداروں میں اساتذہ تعینات کیے گئے ہیں۔ اسی طرح یہ اسکیم فری ایمبولینس سروس اور جیونی انٹر کالج کو بھی سپورٹ فراہم کر رہی ہے۔ آخر میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ صوبائی پی ایس ڈی پی میں نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم کے لیے متعدد منصوبے شامل کیے جائیں گے، جن میں تعلیم، صحت، بجلی، پانی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق ترقیاتی منصوبے شامل ہوں گے۔

## حکومت کے انتقامی ہتھکنڈے ہمارے عزم کو اور مضبوط کرینگے، مولانا واسع

**انتقام کی سیاست نے ثابت کر دیا حکمران جماعت کے پاس عوامی خدمت کا کوئی ایجنڈا موجود نہیں**

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علما اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا کہ جمعیت علما اسلام کو کمزور کرنے اور اس کے وقار کو متزلزل کرنے کے تمام حکومتی حربے ناکامی سے دوچار ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت کے کارکنان صبر و استقامت کی ایسی علامت ہیں جنہیں نہ خوف زدہ کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی خریدا جا سکتا ہے۔ ہماری جماعت کی ایک صدی پر محیط جدوجہد تاریخ کے صفحات پر روشن ہے، اور ہم نے ہر دور کی مشکلات، پابندیوں اور رکاوٹوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے۔ آج بھی اگر حکومت ہمارے خلاف انتقامی ہتھکنڈے استعمال کر رہی ہے تو یہ ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرنے کا باعث بن رہے ہیں۔ حکومت جمعیت کی مخالفت میں ہر اخلاقی حد پار کر چکی ہے۔ انتقام کی سیاست نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ حکمران جماعت کے پاس عوامی خدمت کا کوئی ایجنڈا موجود نہیں۔ وہ سیاسی جماعتیں جو چند برسوں کی وقتی اسکیموں اور عارضی نعروں کے ذریعے سیاست میں وارد ہوئیں، وہ جمعیت کی سو سالہ نظریاتی جدوجہد کے مقابلے میں محض مذاق ہیں۔ جمعیت ایک فکر، ایک نظریے اور ایک نصب العین کے ساتھ کھڑی ہے اور یہی اس کی اصل طاقت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ زیارت کے مقام پر 30 اور 31 اگست کو مجلس عمومی کا اجلاس منعقد کیا جائے گا جس میں آئندہ کے لائحہ عمل کا واضح اعلان کیا جائے گا۔ یہ اجلاس نہ صرف کارکنان کے عزم کو تازہ کرے گا بلکہ بلوچستان اور ملک بھر کی سیاسی سمت پر بھی گہرے اثرات مرتب کرے گا۔

## ہماری ریاست فلاحی نہیں بلکہ سیکورٹی اسٹیٹ ہے، مولانا شیرانی

**موجودہ دور میں قوموں کی آزادی، خودمختاری اور داخلی حاکمیت کا مفہوم بدل گیا ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ پرانے دور کے سیاسی اصطلاحات کو موجودہ دور کی صورتحال پر منطبق کرنے سے کئی طرح کی غلط فہمیاں اور بے جا توقعات پیدا ہوتی ہیں، ہمیں قوم میں یہ شعور پیدا کرنا چاہیے کہ موجودہ دور میں قوموں کی آزادی، خودمختاری اور داخلی حاکمیت کے مفاہیم بدل چکے ہیں، یہ بات انہوں نے اسلام آباد میں جے یو آئی پاکستان کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس مغالطے کی اصلاح کرنا چاہیے کہ ہم قوم سے کہتے ہیں کہ ہم آزاد ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ہم مغربی اقوام کے زیر اثر اور ان کے درمیان تقسیم ہیں، فاتح مغربی اقوام میں سے ہر ایک محکوم مسلم خطوں میں سے کسی ایک کا آقا اور حاکم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ریاست فلاحی نہیں بلکہ سیکورٹی اسٹیٹ ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جس صوبے میں بھی تربیتی اجتماع کا انعقاد ہو دوسرے صوبے کے ساتھیوں کو کسی قسم کی دعوت کا انتظار کیے بغیر از خود ان میں اپنی شرکت یقینی بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان کا سالانہ صوبائی تربیتی اجتماع 4 ستمبر کو جامعہ دارالہدیٰ پاروجی ٹاؤن تحصیل نانا صاحب، 15 اکتوبر کو خیبر پختونخوا، 9 نومبر کو پنجاب اور 14 دسمبر کو سندھ کے صوبائی تربیتی اجتماعات ہوں گے جبکہ چاروں صوبوں کے 12 رکنی صوبائی رابطہ کمیٹیوں اور مرکزی رابطہ کمیٹی کے ارکان پر مشتمل مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس 25 اور 26 اکتوبر کو اسلام آباد میں ہوگا، اجلاس کے اختتام پر رکن مرکزی رابطہ کمیٹی حاجی قاسم شاہ کی جانب سے شرکاء کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔

## گرین بسز کی تعداد میں ہنگامی بنیادوں پر اضافہ کیا جائے، پشتونخوا میپ

**30 لاکھ سے زائد آبادی کے لیے محض 8 بسیں انتہائی کم ہیں، صوبائی بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کوئٹہ میں گرین بسز کی تعداد میں کمی کے باعث شہریوں کو درپیش مشکلات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ منصوبے کے تحت شہریوں کو پبلک ٹرانسپورٹ کے ذریعے سہولیات فراہم کرنے کے لئے پہلے مرحلے میں 8 بسیں شہر میں مختلف روٹس پر چلائی گئیں لیکن بدقسمتی سے 30 لاکھ سے زائد آبادی کے لیے محض 8 بس انتہائی کم ہیں۔ بلیلی پوائنٹ سے نکلنے والی ایک بس تقریباً 20 منٹ کے وقفے سے نکلتی ہے اور اس میں لوگوں کا انتہائی رش ہوتا ہے، اوورلوڈ ہونے کے باعث شہر کے دیگر روٹس پر شہری بس سٹاپ پر صرف انتظار ہی کرتے رہتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ بعض ڈرائیورز اور دیگر بس عملے کی ملی بھگت سے سازش کے تحت گرین بسز کو ناکام بنایا جا رہا ہے۔ شہریوں سے بدتمیزی، بداخلاقی اور قانون کی پاسداری نہ کرنے جیسے اقدامات سے شہریوں میں غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ گرین بسز کی تعداد میں ہنگامی بنیادوں پر اضافہ کیا، بلیلی کی بجائے کچلاک بازار تک پوائنٹ رکھا جائے، ہر دس منٹ بعد ایک بس چلائی جائے۔ کچلاک تا ہزار گنجی، کچلاک تا شیخ زید بن النہیان ہارٹ اسپتال بذریعہ بائی پاس روٹ، کچلاک تا شیخ زائد ہسپتال مستونگ روڈ، کچلاک تا تختانی بائی پاس براستہ پشتون آباد یاسر کی روڈ تک اضافہ کیا جائے۔

## مستونگ بازار سے بیٹی کو اٹھانیوالوں نے میڈیا کو جعلی نکاح نامہ دکھایا، خیر بی بی

**میری بیٹی کو عدالت میں پیش کیا جائے تاکہ حقائق منظر عام پر آسکیں، والدہ کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) منگچر کی رہائشی خاتون خیر بی بی نے کہا ہے کہ میری بیٹی کو محمد امین نامی شخص و دیگر زبردستی مستونگ بازار سے اٹھا کر لے گئے اور بعد میں جعفر آباد میں میڈیا کے سامنے جعلی نکاح نامہ پیش کیا جس کو ہم مسترد کرتے اور مطالبہ کرتے ہیں کہ میری بیٹی کو عدالت میں پیش کیا جائے تاکہ حقائق منظر عام پر آسکیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو مراد بخش، یار محمد، سکینہ بی بی، زر بی بی کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ 6 اگست 2025ء کو دوپہر 2 بجے کے قریب محمد امین نامی شخص اپنے بھائیوں کے ساتھ مستونگ سے میری بیٹی کو اٹھا کر لے گئے جس کی ہم نے اگلے روز اطلاعی رپورٹ مستونگ پولیس کو دے دی اور اس کی کاپی وصول کی تاحال پولیس کوئی کارروائی کرنے سے گریزاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ شخص نے میری بیٹی رضیہ بی بی کے ساتھ پریس کلب جعفر آباد میں میڈیا کے ذریعے من گھڑت بیان جاری کیا۔ اس نے جو نکاح نامہ میڈیا کے سامنے پیش کیا وہ جعلی ہے جسے ہم مسترد کرتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 22 AUG 2025 Page No. 15


## مسافروں کے پیسے جیب میں ڈال کرانہیں سفر کرانے کے الزام میں 4 ریلوے اہلکار گرفتار

**گرفتار کیے جانے والوں میں کنڈیکٹر گارڈ ایس ٹی ای پرائیویٹ ڈائننگ کار کا منیجر شامل، مقدمات درج**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ریلویز پولیس اسپیشل برانچ کی کارروائیاں مسافروں سے رقم وصول کر کے سفر کرانے کے الزام میں کنڈیکٹر گارڈ' ایس ٹی ای' پرائیویٹ ڈائننگ کار کے منیجر سمیت چار افراد کو گرفتار کرلیا ریلوے ذرائع کے مطابق آئی جی ریلوے پولیس پاکستان رائے طاہر (ہلال شجاعت، ستارہ امتیاز) کی خصوصی ہدایت پر ریلوے پولیس نے ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ کے سفر کرنے والے مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے کارروائی شروع کردی وفاقی وزیر ریلویز محمد حنیف عباسی کی خصوصی ہدایات پر ریلویز پولیس آئی جی رائے طاہر (ہلال شجاعت، ستارہ امتیاز) کی سربراہی میں ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں اور سفر کروانے والے مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس حوالے سے ریلویز پولیس اسپیشل برانچ نے کارروائی کرتے ہوئے پاکستان بھر سے 1 ہی دن میں چار ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے خلاف مقدمات درج کرلئے گرفتار ملزمان میں ریلوے کنڈیکٹر گارڈ شاہد فاروق، STE محمد اقبال، پرائیویٹ ڈائننگ کار منیجر عمران اور سوڈا منیجر فاروق شامل ہیں۔ ریلوے گارڈ اور STE کو بہاولپور، ڈائننگ کار منیجر کو حیدرآباد جبکہ سوڈا منیجر کو نوابشاہ سے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان نے ریل مسافروں کو پیسوں کے عوض ٹرین خیبر میل، رحمان بابا اور جعفر ایکسپریس میں غیر قانونی طور پر سفر کروایا جن کے قبضے سے مسافروں سے ناجائز وصول کی گئی ہزاروں روپے کی رقم بھی برآمد کرلی گئی۔ تمام ملزمان کے خلاف تھانہ ریلویز پولیس بہاولپور، نوابشاہ اور حیدرآباد میں مقدمات درج کرلئے گئے اس حوالے سے آئی جی ریلویز پولیس کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیر ریلویز کی ہدایات پر بغیر ٹکٹ مسافروں اور ملوث مافیا کے خلاف ریلویز پولیس بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔ تاکہ ایسے غیر قانونی اقدامات کی روک تھام کو یقینی بنایا جاسکے۔

## ڈیرہ بگٹی: سی ٹی ڈی تھانے پر حملے میں دو دہشتگرد ہلاک، اہلکار زخمی

**دہشت گردوں نے گزشتہ شب تھانے کو نشانہ بنایا، اہلکاروں نے جرأت اور بہادری سے مقابلہ کیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈیرہ بگٹی میں سی ٹی ڈی کے تھانے پر دہشت گردوں کا حملہ فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک جبکہ ایک اہلکار زخمی ہوگیا۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سی ٹی ڈی تھانے پر شدید فائرنگ کرتے ہوئے حملہ کرنے کی کوشش کی تاہم سی ٹی ڈی کے جوانوں نے جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری جوابی کارروائی کی فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک جبکہ دیگر رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے اطلاع ملنے پر سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمی کو ہسپتال پہنچایا جبکہ دہشت گردوں کے خلاف سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔


MASHRIQ QUETTA


## تربت مقامی ڈیم کے قریب سے نوجوان کی نعش برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تربت مقامی ڈیم کے قریب سے نوجوان کی نعش برآمد تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تربت کے علاقے میں واقع سوراب ڈیم کے قریب سے ایک نوجوان کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کیا گیا جس کی شناخت لال بخش سکنہ شاہی تمپ کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔


INTEKHAB QUETTA


## تمبو اور ڈیرہ بگٹی میں خاتون سمیت 3 افراد قتل

**تھانہ خان کوٹ کی حدود میں سیاہ کاری کے الزام میں خاتون اور ایک شخص کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو اور ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں دو مختلف واقعات میں ایک خاتون سمیت تین افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا پولیس کے مطابق تمبو پولیس تھانہ خان کوٹ کی حدود میں ایک خاتون اور ایک شخص کو قتل کر دیا گیا قتل کی وجہ مبینہ سیاہ کاری بتاء جارہی ہے

بقیہ نمبر 40 صفحہ 5 پر

واقع کے بعد پولیس نے نعشیں اپنی تحویل مین لیکر ہسپتال منتقل کردی جہاں ضروری کاروای کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کردیں پولیس نے ورثاء کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوشش تیز کردی گئی ادھر ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے پولیس تھانہ سوی کی حدود کچھی کینال شاخ نمبر تیرہ مین بگٹی سندرانی قبیلے کے دو گروپس کے درمیان فائرنگ ایک نوجوان عبدالستار سندرانی بگٹی موقع پر جانبحق ہوگیا واقع کے بعد لیویز فورس موقع پر پہنچ کر حالات پر قابو پاکر لاش کو اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 22 AUG 2025

Page No. 16


## مانجھی پور، جلدی امراض میں اضافہ

# گرمی دانوں، پھوڑے پھنسیوں، خارش نے وبائی صورت اختیار کر لی

روزانہ کی بنیاد پر درجنوں جلدی امراض ظاہر ہونے لگے، سرکاری ہسپتالوں میں جلدی بیماریوں کی ادویات نا پید

یہ کیسز پرائمری ہیلتھ کے نہیں ہیں ان کی ادویات پی پی ایچ آئی کے اندر نہیں آتیں، عوامی حلقوں کا اظہار تشویش

مانجھی پور (نامہ نگار) مانجھی پور اور گردونواح میں جلدی امراض میں اضافہ، بڑے بڑے گرمی دانوں، پھوڑے پھنسیوں اور خارش نے وبائی صورت اختیار کرلی روزانہ کی بنیاد پر درجنوں چمڑے کے امراض ظاہر ہونے لگے۔ جبکہ سرکاری ہسپتالوں میں جلدی بیماریوں کی ادویات نا پید ہیں۔ اس حوالے سے پی پی ایچ آئی جو تمام بیسک ہیلتھ یونٹس کو کروڑوں کی ادویات فراہم کرتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ یہ کیسز پرائمری ہیلتھ کے نہیں ہیں ان کی ادویات پی پی ایچ آئی کے اندر نہیں آتیں۔ جبکہ سو فیصد علاقہ مکین جو نہایت غریب محنت کش طبقہ ہے جو دو وقت کی روٹی کیلئے دن بھر خاک چھاننے کے بعد اس قابل ہو پاتے ہیں کہ زندہ رہ پائیں۔ وہ اپنے بچوں کا نجی کلینکس سے مہنگا علاج کہاں سے کرا سکتے ہیں۔ جہاں ہر قسم کی ادویات کی قیمتوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں دو سو فیصد اضافے کے ساتھ غریب کی قوت خرید سے باہر ہیں۔ عوامی حلقوں میں اس حوالے سے شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں نے کمشنر نصیرآباد ڈویژن، ڈپٹی کمشنر صحبت پور، اسسٹنٹ کمشنر مانجھی پور، ڈی ایچ او صحبت پورے فوری طور پر نوٹس لیکر سرکاری ہسپتالوں میں جلدی امراض کیلئے ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی اپیل کی ہے تاکہ غریب و مفلس خاندانوں کے افراد اپنا علاج کروا سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 22 AUG 2025 Page No. 17

# مون سون کی شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز!

گزشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کمشنر آفس کوئٹہ میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ درخت انسانی صحت کے لیے لازم وملزوم ہیں۔ یہ نہ صرف ہمارے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں بلکہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے ضروری ہے کہ معاشرے کا ہر فرا پنے حصے کا کم از کم ایک درخت ضرور لگائے۔ درخت انسانی صحت کے تحفظ، صاف فضائی کی فراہمی اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کے ضامن ہیں۔ جنگلات اور سبزہ زار قدرت کی وہ نعمتیں ہیں جن کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی ہدایت پر شجرکاری مہم کے دوران کوئٹہ ڈویژن کے مختلف اضلاع میں ہزاروں پودے لگائے جائیں گے۔ سرکاری تعلیمی اداروں، سماجی تنظیموں اور عام شہریوں کو اس قومی ذمہ داری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے تاکہ شجرکاری کو تحریک کی شکل دی جا سکے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ شجرکاری کے ساتھ ساتھ پہلے سے لگائے گئے درختوں کی دیکھ بھال بھی یقینی بنائیں تاکہ یہ درخت صحیح معنوں میں معاشرے کو فائدہ پہنچا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے جس سے نہ صرف انسان بلکہ چرند پرند بھی مستفید ہوتے ہیں۔ شجرکاری مہم سے نہ صرف ماحولیاتی آلودگی میں کمی آئے گی بلکہ یہ آئندہ نسلوں کے لیے صحت مند ماحول فراہم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔

کوئٹہ ڈویژن میں کمشنر کوئٹہ کا کمشنر آفس میں پودا لگا کر مون سون کی شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز اور اس موقع پر بات چیت اور ہدایات دینا بلاشبہ قابل تعریف اقدام ہے۔ انہوں نے شجرکاری اور پودے لگانے اور ان کی حفاظت کرنے کے حوالے سے جو بھی کہا ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے کیونکہ ہمارے ہاں ہر سال اسی طرح شجرکاری مہم کا آغاز کیا جاتا ہے اور اس میں لاکھوں پودے لگانے کی بات بھی کی جاتی ہے اور اس سلسلے میں بڑی ایڈورٹائزنگ کے ساتھ ساتھ تقریبات منعقد کی جاتی ہیں جن میں شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے کی باتیں بھی ہوتی ہیں اور یقیناً اس ضمن میں فنڈز کی فراہمی بھی ہوتی ہے کیونکہ اس کے بغیر کچھ نہیں ہوتا لیکن یہ سب کچھ صرف میڈیا کی حد تک ہی رہتا ہے اس کے بعد کچھ نہیں ہوتا اس طرح لاکھوں کی تعداد میں لگائے جانے والے پودے بھی غائب ہو جاتے ہیں کیونکہ یہ بات واضح ہے کہ اگر ان پودوں کی دیکھ بھال اور حفاظت کی جائے تو ہم سمجھتے ہیں کہ صوبے میں درختوں کی تعداد بہت زیادہ ہو لیکن یہ نہ صرف اتنی رہتی ہے بلکہ مزید کم ہو جاتی ہے۔

## وزیراعظم ریلیف فنڈ!

مون سون کی شدید بارشوں نے خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے علاوہ سندھ، پنجاب اور بلوچستان کو بھی ناقابل بیان تباہی سے دوچار کیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں ہونیوالے جانی اور مالی نقصانات کا جائزہ لینے اور متاثرین کی دلجوئی کیلئے وزیراعظم شہباز شریف، آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وفاقی وزراء کے ہمراہ بدھ کو متاثرہ اضلاع سوات، شانگلہ، بونیر اور صوابی کے دورے میں سب سے پہلے بونیر پہنچے۔ انہوں نے متاثرین میں امدادی چیک تقسیم کئے اور جانی و مالی نقصانات کا ذمہ دار آبی گزرگاہوں پر ہوٹل بنانے اور دوسری تعمیرات اور تجاوزارت کھڑی کرنے والوں کو قرار دیا اور ان کیخلاف سخت کارروائی کا حکم دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایسی تجاوزات سنگین غلطی ہے جسکی کوئی معافی نہیں۔ غیر قانونی کان کنی اور اسٹون کرشنگ بھی مالی و جانی نقصانات کا بڑا سبب ہیں جن کی روک تھام کیلئے پاکستان کو سخت ریاست بنا پڑے گا۔ وزیراعظم نے متاثرہ علاقوں میں ایک ہفتے کے اندر بجلی پہنچانے کی ہدایت دی چاہے بل ادا کئے گئے ہوں یا نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مون سون کے اس تباہ کن مرحلے میں اب تک سات سو سے زائد افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ وفاق نے صوبوں کی مدد کے علاوہ بھی ایک سو ارب روپے متاثرہ علاقوں کیلئے صوبوں کو دیئے ہیں۔ آج پھر خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ کے ساتھ مل کر اس طوفان کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ تباہ شدہ سڑکیں اور پل جلد ٹھیک کریں گے ابھی مون سون کی بارشوں کے دو مزید اسپیل آنے والے ہیں جن سے بچنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑائیں گے لیکن جو انسانی غلطیاں ہیں وہ قابل معافی نہیں۔ مسلح افواج فیلڈ مارشل کی قیادت میں دن رات متاثرہ علاقوں میں کام کر رہی ہیں جبکہ ان کا فتنہ الخوارج سے بھی مقابلہ ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اس موقع پر یقین دلایا کہ سیلاب متاثرین کی مدد ہماری اولین ترجیح ہے۔ اس سلسلے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ وزیراعظم نے تباہی کی ذمہ داری تجاوزات کھڑی کرنے والوں اور ٹمبر مافیا پر ڈالی ہے جو بالکل درست ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ خیبر پختونخوا میں جنگلات اجاڑنے والوں اور لینڈ مافیا نے اب اپنا رخ ہری پور کے مکھنیال جنگل کی طرف کر لیا ہے جو اسلام آباد کے قریب اور مارگلہ کے ماحولیاتی نظام کا حصہ ہے یہاں درختوں کی اندھا دھند کٹائی کی جا رہی ہے جو زمین کو بارشی پانی کے کٹاؤ سے بچاتے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے ماہرین کے مطابق مون سون بارشوں کے مزید دو اسپیل ابھی آنے والے ہیں جو دس ستمبر تک جاری رہیں گے۔ بارشوں کا یہ ریلا پہلے سے بھی زیادہ شدید ہوگا جس کی تباہ کاری سے بچنے کے لئے پیشگی اقدامات کرنا ہوں گے۔ وفاقی حکومت نے اس قدرتی آفت کے نقصانات سے نمٹنے کیلئے وزیراعظم ریلیف فنڈ قائم کر دیا ہے۔ وفاقی کابینہ کے وزراء نے اپنی ایک دن کی تنخواہ متاثرین کی امداد کیلئے عطیہ کرنے کا اعلان کیا ہے جبکہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے بھی کٹوتی کی جائے گی لیکن اتنی بڑی تباہی کے نقصانات کی تلافی کیلئے ضروری ہے کہ بین الاقوامی اداروں سے بھی رجوع کیا جائے۔ دنیا بھر میں پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر دکھ کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ توقع کی جانی چاہئے کہ عالمی امداد بھی متاثرین کیلئے آئے گی۔ اندرون ملک صاحب ثروت افراد اور اداروں کو بھی دل کھول کر امدادی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہئے۔ جہاں تک حکومت کا تعلق ہے تو وہ آبی گزرگاہوں میں ہر قسم کی تعمیرات اور جنگلات کی کٹائی کی بجائے شجرکاری کو فروغ دینے کیلئے موثر اقدامات کرے۔ دنیا میں کہیں بھی قانون آبی گزرگاہوں کے اندر یا آس پاس ہوٹل اور دوسری تعمیرات کی اجازت نہیں دیتا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 22 AUG 2025 Page No. 19

# Reviving livestock sector

Livestock is the foundation of Balochistan's economy. Livestock rearing sheep, goats, cattle, and camels has provided livelihoods for generations. It not only meets local dietary and agricultural needs but also contributes significantly to trade; wool, meat, hides, and dairy products form the key components of rural commerce. Despite limited infrastructure and harsh climatic conditions, livestock remains an integral part of the cultural and economic fabric of Balochistan, reflecting both resilience and traditional expertise. With around 34 million goats and sheep and 6.5m bovines, Balochistan holds Pakistan's largest small ruminant and fourth-largest bovine population about 30 per cent of the national total. The livestock sector is a key contributor to Pakistan's economy, comprising 62.7pc of the agricultural output and 14.36pc of the national GDP in 2022-23 (Finance Division, 2023). The province produces 48pc of sheep, 22pc of goat, 8pc of cattle and 41pc of the camels in the country. Its gross value addition grew by 3.8pc, reaching Rs5.59 trillion. Experts suggest that reviving livestock as the primary commercial activity would be more beneficial for the sustainable development of the province. Reportedly, in 2023, the country's meat exports generated approximately $456m, with bovine meat contributing $380m. Mutton exports, primarily from sheep and goats, accounted for 17pc of total meat exports, valued at around $76m. These figures indicate substantial growth potential within Balochistan as the major contributor, which can be further realised by modernising the livestock sector to enhance climate resilience, productivity, and sustainability. Strategically, Balochistan is well-positioned to supply meat to national markets, especially Sindh and Punjab, with potential for value addition and international exports. The province, with its natural endowment for producing high-quality organic meat, is well-positioned to contribute up to 70pc of national meat production, supporting consistent international supply and driving economic growth through increased export earnings and GDP contribution. In the past, the prolonged drought has severely impacted both the agriculture and livestock sectors in the region. Likewise, fencing of the border with Afghanistan has also disrupted centuries old migratory routes of nomads, who seasonally move across borders with their flocks. The fencing has limited pastures for flocks along with shrinking production of organic livestock and its related dairy production. Balochistan offers a natural environment that has supported livestock production for generations, but the absence of an organised export system dedicated to export houses, meat processing units and halal meat packaging remains a critical gap. The government of Balochistan should prioritise the livestock sector with the integration of climate-resilient techniques. The farmers should be supported with interest-free loans to establish farmhouses and fodder production.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ............ Dated: 22 AUG 2025 Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلوایشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلوایشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner